Royal College of Anaesthetists

# اینیستھیٹک -
# خطرات اور مضر اثرات
# سینے کا انفیکشن

### اس کتابچے کے بارے میں

یہ کتابچہ **جنرل اینیستھیٹک** کے بعد سینے کے انفیکشن کے خطرے کے بارے میں ہے۔ یہ ایک مضر اثر ہے جو آپ کو جنرل اینستھیزیا لینے کے بعد ہو سکتا ہے۔ کتابچہ سینے میں انفیکشن کی وجوہات اور اس کے علاج کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔

جنرل اینیستھیٹک ایسی ادویات ہیں جو گہری نیند جیسی حالت پیدا کرتی ہیں۔ یہ بعض قسم کے آپریشنوں اور طریقوں کے لیے لازمی ہیں۔ جنرل اینیستھیٹک کے دوران آپ بے ہوش ہوتے ہیں اور کچھ بھی محسوس نہیں کرتے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر اینیستھیٹک کی مختلف اقسام کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں، جو یہاں مختلف زبانوں میں دستیاب ہے:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔

### سینے کا انفیکشن کیا ہے اور آپریشن کے بعد یہ کیوں ہو سکتا ہے؟


- کھانسی آپ کے پھیپھڑوں سے بلغم کو دور کرتی ہے۔ بلغم پھیپھڑوں اور سینے میں موجود گاڑھا مادہ ہوتا ہے۔
- جنرل اینستھیزیا پھیپھڑوں سے بلغم کے نکلنے کے عمل کو متاثر کر سکتا ہے۔
- کچھ قسم کے آپریشن کے بعد کھانسنا تکلیف دہ یا مشکل ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ کھانس کر بلغم آسانی سے نہ نکال سکیں تو یہ پھیپھڑوں میں جمع ہو سکتی ہے اور انفیکشن پیدا ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر نمونیا سینے کے انفیکشن کی ایک قسم ہے۔

### اس کے ہونے کا امکان کتنا ہوتا ہے؟

آپ کو سینے کا انفیکشن ہونے اور بعد میں زیادہ نگہداشت کی ضرورت پڑنے کا خطرہ اس وقت زیادہ ہوتا ہے اگر:

- آپ کو کوئی دائمی بیماری ہو یا آپ آپریشن سے پہلے شدید بیمار ہوں
- آپریشن کے بعد آپ کے لیے مؤثر طریقے سے کھانسنا مشکل ہو، جیسے پیٹ کے آپریشن کے بعد یا حرکت میں کمی کی صورت میں
- آپ سگریٹ نوش ہوں۔

ہر **100** افراد میں سے جن میں یہ ممکنہ خطرے کے عوامل موجود ہوں



**2-20 تک کو سینے میں انفیکشن ہوا**

**80-98** کو نہیں ہوا

یہ اعداد و شمار تحقیق کے مطالعہ سے حاصل کیے گئے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/risks/evidence۔

### اگر مجھے سینے میں انفیکشن ہو جائے تو کیا ہو گا؟

آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کچھ ٹیسٹ کرے گی تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آپ کو سینے کا انفیکشن ہے یا نہیں اور اس کی وجہ کیا ہے۔

- آپ کو سینے کے انفیکشن کے ساتھ سانس لینا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم آپ کی مدد کرے گی۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کو ماسک کے ذریعے آکسیجن دے سکتے ہیں۔
- آپ کو سینے یا کمر میں درد ہو سکتا ہے اور آپ بہت تھکا ہوا محسوس کر سکتے ہیں۔
- بعض اوقات آپ کا بلڈ پریشر گر سکتا ہے اور آپ کا دل تیزی سے دھڑکتا ہے۔ آپ کی ٹیم آپ کے بلڈ پریشر اور دل کی دھڑکن کی نگرانی کرے گی۔

### سینے کے انفیکشن کا علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

سینے کے انفیکشن کے علاج کے لیے آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم مختلف چیزیں کر سکتی ہے۔

#### اینٹی بائیوٹکس

سینے میں انفیکشن بیکٹیریا یا وائرس کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا انفیکشن بیکٹیریا کی وجہ سے ہوا ہے تو آپ کے ڈاکٹر آپ کو اینٹی بائیوٹکس دے سکتے ہیں۔ اینٹی بائیوٹکس کو مندرجہ کے ذریعے دیا جا سکتا ہے:

- ایک کینولا ('ڈرپ') کے ذریعے، ایک بہت ہی پتلی پلاسٹک کی ٹیوب ہے جو آپ کی رگ میں جاتی ہے۔
- گولیاں جو آپ نگلتے ہیں۔

#### نس کے اندر سیال

آپ کی ٹیم آپ کو کینولا کے ذریعے براہ راست آپ کی رگ میں سیال دے سکتی ہے۔ یہ آپ کے پھیپھڑوں میں بلغم کو نرم کرنے میں مدد کرتے ہیں تاکہ کھانسی میں آسانی ہو۔ اس سے انفیکشن سے لڑنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

#### آکسیجن

بعض اوقات آپ اپنے نتھنوں میں فیس ماسک یا پلاسٹک کی چھوٹی ٹیوبوں کے ذریعے آکسیجن لے سکتے ہیں۔ آکسیجن کافی شور والا ہو سکتا ہے اور آپ کے منہ اور ناک کو خشک کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا انفیکشن بہت شدید ہے، تو آپ کو انتہائی نگہداشت کے یونٹ یا اعلیٰ انحصار کے یونٹ میں دیکھ بھال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر ایک مشین (وینٹی لیٹر) سانس لینے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اگر آپ کو اس مشین کی ضرورت ہو تو آپ کو بے ہوش کر دیا جائے گا۔

#### فزیوتھراپی

ٹیم آپ کو کسی فزیو تھراپسٹ کے پاس بھیج سکتی ہے جو آپ کو بتائے گا کہ بلغم سے چھٹکارا پانے کے لیے مؤثر انداز میں سانس لینے اور کھانسی کا طریقہ بتائیں گے۔

### اس سے بچاؤ میں کیا مدد مل سکتی ہے؟

اگر آپ کے اینیستھیٹسٹ کو لگتا ہے کہ آپ کو سینے کا انفیکشن ہونے کا خطرہ ہے تو، وہ آپ سے آپریشن سے پہلے بات کرے گا۔ وہ آپ سے درج ذیل امور پر تبادلۂ خیال کریں گے:

- آپریشن کے بعد آپ کو سینے کا انفیکشن ہونے کا امکان کتنا ہے۔

- کیا آپ کے لیے کسی اور قسم کا اینستھیزیا (مثلاً ریجنل اینستھیزیا) موزوں ہو سکتا ہے۔
- کیا آپ کو سینے کے انفیکشن کا خطرہ کم کرنے کے لیے آپریشن کے بعد اضافی نگہداشت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کو سانس لینے میں مدد کے لیے اضافی درد کش ادویات یا فزیوتھراپی کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### میں خود کیا کر سکتا ہوں؟

#### آپریشن سے پہلے

- اگر آپ کو فلو ویکسین لینے کی پیشکش کی جائے، تو اس پر غور کریں کیونکہ یہ سینے کا انفیکشن ہونے کے خطرے کو کم کر سکتی ہے۔
- اگر آپ سگریٹ نوش ہیں تو، کوشش کریں کہ اسپتال جانے سے چھ ہفتے پہلے سگریٹ چھوڑ دیں۔ اگر آپ چھوڑ نہیں سکتے، تو کم از کم آپریشن سے چند دن پہلے سگریٹ پینا بند کر دیں۔ اس سے آپ کے پھیپھڑوں کو دھوئیں کے نقصان سے صحت یاب ہونے اور انفیکشن کے خلاف زیادہ مزاحم بنانے کا وقت ملتا ہے۔
- مدد www.nhs.uk/smokefree اور www.cpoc.org.uk/stopping-smoking پر دستیاب ہے۔

#### آپریشن کے بعد

- اگر آپ کو سرجری کے بعد درد ہو تو فوراً ٹیم کو بتائیں۔ وہ آپ کو درد سے نجات دینے والی اتنی سی دوا دے سکتے ہیں جو آپ کو گہری سانس لینے اور آسانی سے کھانسنے میں مدد دے۔
- آپ کو مائع پینے کی ترغیب دی جائے گی۔ یہ آپ کے پھیپھڑوں میں بلغم کو نرم کرنے اور آسانی سے کھانسنے میں مدد دے سکتا ہے۔
- وہ تمام مشقیں کریں جو آپ کی ٹیم نے آپ کو دی ہیں تاکہ سرجری کے بعد آپ مؤثر طریقے سے سانس لے سکیں اور کھانس سکیں۔

## اظہارِ لاتعلقی

ہم اس کتابچے میں دی گئی معلومات کو درست اور تازہ ترین رکھنے کی بہت کوشش کرتے ہیں لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہم یہ توقع نہیں کرتے ہیں کہ اس عام معلومات سے آپ کے تمام سوالات کا احاطہ ہو پائے گا یا ہر اس چیز سے نمٹا جائے گا جو آپ کے لیے اہم ہو سکتی ہے- اس کتابچے کو بطور راہنما استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنی طبی ٹیم کے ساتھ اپنے انتخاب اور کسی بھی پریشانی کے بارے میں بات کرنی چاہیے- اس کتابچے کو خود سے مشورہ نہیں سمجھا جانا چاہئے - اسے کسی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا- مکمل اظہار لاتعلقی کے لیے، براہِ مہربانی دیکھیں
(www.rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu)

تمام ترجمے Translators without Borders کی مترجم کمیونٹی کے ذریعے فراہم کیے گئے ہیں۔ ان ترجموں کے معیار کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے تاکہ ترجموں کو ہر ممکن حد تک درست بنایا جا سکے، لیکن کچھ معلومات کی غلطیاں اور غلط تشریح کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

### ہمیں اپنے خیالات سے آگاہ کریں

ہم اس کتابچہ کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو ، براہ کرم انہیں ای میل کریں: patientinformation@rcoa.ac.uk

**Royal College of Anaesthetists**
چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن WC1R 4SG

# www.rcoa.ac.uk

چھٹی اشاعت، نومبر 2024
اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر اس کتابچے کا جائزہ لیا جائے گا۔

**© Royal College of Anaesthetists 2024**
یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچہ کا کچھ حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، مناسب اقرار کیا جائے اور لوگو، برینڈنگ اور تصاویر کو ہٹا دینا چاہیے۔ براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔